DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Merit of Surah Ikhlaas

سورۂ اخلاص کی فضیلت

Al-Kulayni has reported through a valid chain of authority that Imam Sadiq (a) said, “Whoever truly believes in Almighty Allah and in the Final Day must not miss reciting Surah Ikhlaas (https://fzic.org/library/quran/112-ikhlaas-4-1185) after each obligatory prayer. Verily, whoever recites it, Almighty Allah will gather for him both the wealth of this world and the goodness of the Hereafter and will forgive him, his parents, and their descendants.” According to another tradition, whoever recites Surah Ikhlaas 10 times after each obligatory prayer, Almighty Allah will give him in marriage the Paradisiacal women. Sayyid Ibn Tawus has reported that the Holy Prophet (s) said, “Whoever recites Surah Ikhlaas after each prayer, mercy from the heavens will be showered on him, tranquility will be poured down on him, Almighty Allah will look at him with the eye of mercy, forgive his sins, grant him whatever he has asked for, and he will be placed under the security of Almighty Allah.”

شیخ کلینیؒ نے معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جو شخص خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے ہر فریضہ نماز کے بعد سورۂ اخلاص (https://fzic.org/library/quran/112-ikhlaas-4-1185) کا پڑھنا ترک نہیں کرنا چاہیئے، کیونکہ جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی جمع کر دے گا پس وہ اس کو، اس کے والدین کو اور اس کے رشتہ داروں کو بخش دیگا، ایک اور حدیث میں ہے کہ جو شخص ہر فریضہ نماز کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی تزویج سیاہ چشم حور کے ساتھ کریگا سید ابن طاووس نے رسول خداؐ سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے گا آسمان سے اس پر رحمت نازل ہوگی اور اسے تسکین حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت فرمائے گا نیز وہ اس کے گناہ معاف کردے گا اور جو بھی حاجت طلب کریگا خدا اسے پوری کرے گا۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/merit-of-surah-ikhlaas-4069 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.